


میرے عزیزو:

2012 کی تاریخ جسطرح میڈیا کی زینت بنی کہ دنیا کا اختتام 2012 میں ہو جائیگا یہ سچ ہے یا جھوٹ، وہی سائنسدان جنہوں نے کہا تھا اب لوگوں کو تسلی بخش جواب دینے سے قاصر ہیں۔

انجیل مقدس ہمیں صاف بتاتی ہے کہ مسیح کی واپسی کے بارے میں کوئی بشر نہیں جانتا ۔مقدس متی کی انجیل 24 باب 36 آیت ہم کو صاف صاف اُن تمام نشانوں کے بارے میں بتاتی ہے جو اُسکی واپسی پر رونما ہونگے۔

اب مسلئہ یہ نہیں کہ اُسکی واپسی کب اور کہاں ہو رہی ہے کیونکہ بائبل کی تمام نبوتیں اپنے مقررہ وقت پر پوری ہوئیں اسطرح مسیح کی واپسی کی نبوت بھی ضرور پوری ہوگی۔

کیا ہم اُس کی آمد ثانی میں شامل ہونے کہ لیے تیار ہیں یا نہیں اُسکی مخلوق ہوتے ہوئے کیا ہماری دلچسپی اس بات میں ہے؟۔

یسوع مسیح نے کہا! جب ابن آدم زمین پر آئیگا تو کیا ایمان پائیگا لوقا کی انجیل 18 باب 08 آیت یہ سوال ہمارے نجات دہندہ کی طرف سے کیا گیا ہے اور ہمیں جواب دینا ہوگا خواہ اس کو پسند کریں یا نہ کریں، بہترین جواب ہم دے سکتے ہیں کے اے خداوند میری روح کو تیار کر تا کہ میں تیرے ساتھ ملاقات کر سکوں۔ کیسے ہم اپنے آپکو تیار کر سکتے ہیں؟

**پہلا قدم کیا ہے؟**

سب سے پہلے ہمیں توبہ کرنی ہوگی اور اپنے گناہوں کا اقرار کر کہ خداوند خدا سے معافی مانگنی ہوگی، اور کہنا ہوگا کہ اے خداوند خدا میں غیر ایماندار ہوتے ہوئے تیرے کلام اور حکموں کے خلاف چلتا رہا ہوں اور اُن کو توڑا ہے مجھے معاف کر دے۔ اگر آپ سنجیدگی اور دل سے اقرار کرتے ہیں تو وہ آپکی ضرور سنیگا۔

**دوسرا قدم کیا ہے؟**

یہ کہ ایک گناہ گار انسان ہوتے ہوئے آپ کو بپتسمہ لینا چاہیے جسطرح رسولوں نے کلام مقدس میں دیا۔

توبہ کرو اور تم میں سے ہر ایک اپنے گناہوں کی معافی کے لیے یسوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے تو روح القدس انعام میں پاؤگے اعمال 2 باب 38 آیت۔

اسطرح آپ اپنے گناہوں سے کنارہ کرتے ہیں اور خدا کی مرضی کو پورا کرتے ہیں، متی 6 باب 10 آیت ۔

**تیسرا قدم کیا ہے؟**

یہ کہ دعا کریں اور بائبل مقدس کا مطالعہ کریں اور روح القدس کی رہنمائی میں اُس راستے پر چلیں جو وہ آپ پر ظاہر کرے، یسعیاہ 35 باب 8 آیت۔

میرے عزیزو جب میں نے سچائی کی تحقیق کی اور اُسکو قبول کیا تو میں بہت خوش ہوا، ایک ہی زریعہ ہے جس سے ہم اپنی روح کو مطمئن کر سکتے ہیں وہ سچائی ہے۔

دنیاوی لوگ کہتے ہیں کہ یہ تو صرف وقت کو ضائع کرنا ہے میں بذات خود ایسے لوگوں کو دیکھ چکا ہوں جو اپنی خوشی کے لیے دوسروں کی غلطیاں نکالتے رہتے ہیں اور اپنی روح کو بچانے سے کوسوں میل دور ہو جاتے ہیں۔

اپنی روح کی فکر کریں کیونکہ ہماری روح کا عظیم ترین فزیشن صرف یسوع مسیح ہے جیسے کہ اُس کے کلام میں لکھا ہے، یسوع مسیح پر ایمان لا تو تو اور تیرا گھرانہ نجات پائیگا ،اعمال 16 باب 31 آیت۔ یہ وعدہ اُس وقت پورا ہوتا ہے جب آپ نجات دہندہ کو اپنے گھرانے کا سربراہ بنالتے ہیں جو بلا قیمت آپکی اور آپ کے گھرانے کی حفاظت کرتا ہے مگر دل سے اُسکو قبول کرنا ضروری ہے۔

عزیزو مہربانی سے آپ مجھ سے رابطہ کریں تا کہ ہم ملکر اِن سچائیوں پر بات چیت کر سکیں۔

میری یہ دلی خواہش ہوگی کہ میں کلام مقدس کی سچائیوں پر آپ سے بات کروں کیونکہ ہم آخری وقت کے اختتام میں ہیں، خداوند یسوع کی سلامتی آپ پر ہو۔

متمنیِ جواب
پاسٹر شمعون یعقوب
پاک ٹیبرنیکل کراچی
778 گلی 8 سیکٹر B کشمیر کالونی کراچی پاکستان

Pastor Shamoon Yaqoob
778 Street 8, Sector B, Kashmir Colony Karachi Pakistan
Email: Pastorshamoon@gmail.com
Website: www.paktabernacle.org